سبق نمبر 31

[redacted]

گروپ کے راہنما، شاگرد بنانے کے اس سبق کیلئے دُعا کریں اور اس گروپ کو خدا کے حوالے کریں۔

[redacted]

موضوع: خدا رہائی دینے والا ہے

پڑھیں۔ تواریخ 2 3-1 :20۔

1۔ ماضی کی تاریخ میں خُداوند نے اپنے لوگوں کو کس طرح رہائی دِلائی؟

مقصد: بیان کریں کہ خداوند نے دُشمن کے بڑے حملے سے اپنے لوگوں کو کس طرح رہائی دِلائی

نمبر خاص باتیں:

- جب حملہ ہوا تو وہ خداوند کی مدد مانگنے کے لئے جمع ہوئے (آیت 4)۔
- خداوند کے اور ایک دوسرے کے سامنے اقرار کریں کہ آپ میں حملہ آوروں کا سامنا کرنے کی قوت نہیں ہے (آیت 12)۔
- اپنے حملہ آوروں سے نہ لڑائی کریں اور نہ خوف زدہ یا مایوس ہوں۔ اعتقاد رکھیں کہ خداوند آپ کی خاطر لڑیگا اور آپ رہائی پائیں گے جو خداوند آپ کو دیتا ہے۔

2۔ آج خُداوند کس طرح رہائی دیتا ہے؟

لوگوں کو مقصد: بیان کرنے کا موقع دیں کہ ماضی میں خداوند نے ان کو کس طرح رہائی بخشی۔

گروپ لیڈر: خدا کی رہائی دینے والی خوبی میں اس کی حمد کریں۔ نہیں تو نہیں لوگوں کی جماعت میں پرستش کریں۔

[redacted]

آپ نے خدا کے ساتھ شخصی وقت کے دوران بائبل کی دی ہوئی ہدایت: لوقا 7:14-10:29 میں سے جو کچھ سیکھا ہے مقصد: بیان کریں۔
بیان کرنے والے شخص کو سنجیدگی سے سنیں اور قبول کریں، جو کچھ وہ بولتا ہے اس کے بارے بحث نہ کریں۔

[redacted]

تعلیم۔ بائبل کی باتوں کو پڑھنا یا سننا، خدا کی سننے اور اس سے بولنے کا ایک راستہ ہے اور دُعا ایک راستہ ہے جب آپ بولتے ہیں تو وہ سنتا ہے۔ اپنی دُعاؤں میں بائبل کو استعمال کرنا سیکھیں۔ اس میں دُعائیں بھی شامل ہیں جو آپ خدا سے کر سکتے ہیں۔

A- تحریک: اپنی دُعاؤں میں بائبل کو استعمال کرنا

1۔ بائبل کے لوگوں کے تجربات آپ کے تجربات سے ملتے جُلتے ہیں

پڑھیں اعمال 4:18-31۔

بائبل کی آیات جو ان مسیحیوں نے استعمال کیں وہ ان کی موجودہ حالت سے کس طرح تعلق رکھتی ہیں؟

نوٹس۔ رسولوں کو تازہ تجربہ ہوا تھا کہ یہودی سرداروں نے یسوع مسیح کو خدا کے دیئے ہوئے مشن کو روکنے کی ناکام کوشش کس طرح کی تھی (لوقا 22:47-71)۔ ان کو تجربہ ہوا تھا کہ کس طرح رومی قوم نے یسوع مسیح (خدا کے مسیح) کے خلاف فیصلہ نکالا اور اس کو صلیب پر چڑھا دیا (لوقا 23:1-56)۔ انہوں نے دیکھا کہ کس طرح یہودی بادشاہ ہیرودیس اور رومی گورنر پنطس پیلاطس یسوع مسیح کے خلاف آپس میں دوست بن گئے تھے (لوقا 23:12)۔ رسولوں کو پکڑا اور قید کیا گیا اور ایک دفعہ تو انہوں نے مقدمہ میں ان کو مسیح کے نام کی منادی اور تعلیم دینے سے منع کیا گیا (اعمال 4:1-22)۔ یہودی سرداروں کی ان تمام دھمکیوں کا مقصد مسیحیوں کو ڈرا کر خاموش کرانا تھا۔ چنانچہ مسیحیوں کے لئے یہ دھمکیاں دُعا کرنے اور بولنے کی جرأت میں اضافہ کرنا کہلاتی تھیں۔ پس مسیحی خدا سے دُعا کرنے اور انجیل کی منادی میں بڑی بہادری مانگتے تھے۔ وہ اپنی دُعاؤں میں بائبل میں تحریر کردہ الفاظ کو استعمال کرتے تھے (زبور 2:1-2)۔

2۔ بائبل میں خُدا کی مرضی کو جاننا اُس بات کے لئے دلیری بخشتا ہے کہ جس کے واسطے دُعا کرنی ہو۔

پڑھیں 1-یوحنا 5:14۔

تعلیم۔ ابتدائی مسیحیوں کے نقشِ قدم پر چلیں اور اپنی دُعاؤں میں بائبل کے الفاظ کو استعمال کریں۔

اپنی دُعاؤں میں بائبل کو استعمال کرنے کے دو بڑے فائدے ہیں:

آپ کو معلوم ہوگا کہ کس بات کے لئے دُعا کرنی ہے۔

خاص کر جب آپ ابھی نوجوان مسیحی ہیں آپ اکثر نہیں جانتے کہ کس بات کے واسطے دُعا کرنی ہے۔ لیکن اب بائبل کو کھولنے سے آپ کو بہت سی آیات مل جائیں گی جن کو آپ اپنی دُعاؤں میں استعمال کر سکتے ہیں۔ آپ بائبل سے انہی باتوں کے متعلق دُعا کریں گے جن کے متعلق بائبل بول رہی ہے۔

آپ دلیری کے ساتھ خدا کی مرضی کے مطابق دُعا کریں گے۔

جب آپ اپنی دُعاؤں میں بائبل کی تعلیمات اور وعدوں کو استعمال کریں گے تو آپ اکثر خدا کی پسندیدہ باتوں کے لئے دُعا کریں گے۔ خدا نے بائبل میں اپنی مرضی ظاہر کر رکھی ہے اور جب آپ دُعا میں بائبل کی باتوں کو استعمال کریں گے تو آپ بڑی آسانی کے ساتھ خدا کی مرضی کے مطابق دُعا کریں گے نہ کہ اپنی مرضی کے مطابق۔ یہ آپ کو اپنی دُعاؤں میں بڑی دلیری دے گا کہ خدا آپ کی دُعاؤں کو سنتا ہے۔

B- طریقہ کار: اپنی دُعاؤں میں بائبل کے الفاظ اِستعمال کرنا

تعلیم۔ اپنی دُعاؤں میں بائبل کو استعمال کرنے کے چار بڑے خاص طریقے ہیں:

1۔ خُدا کے ساتھ اپنے شخصی وقت کے دوران بائبل کو استعمال کرنا

آپ بائبل کی ایک آیت پڑھ کر اس میں سے پسندیدہ سچائیوں کو چُن سکتے ہیں اور ان سچائیوں پر غور و خوض کر سکتے ہیں۔ آخر کار ان سچائیوں کو اپنی دُعا میں استعمال کر سکتے ہیں۔ اس سچائی کے متعلق اپنے خیالات سے خُدا کو واپس جواب دینے کے لئے دُعا کریں۔ جب آپ کسی دوست کے ساتھ مل کر دُعا کرتے ہیں تو آپ اپنے دوست کے لئے بھی اس سچائی سے دُعا کر سکتے ہیں۔

2۔ بائبل کے مطالعہ کے دوران دُعا میں بائبل کو استعمال کرنا

آپ بائبل کی کسی عبارت کا مطالعہ کر سکتے ہیں۔ آخر اس دن بائبل میں سے خُدا نے جو کچھ آپ کو سکھایا ہے خُدا کو اس کے جواب میں اہم سچائیوں سے دُعا کریں۔

3۔ اپنی شخصی دُعا کے وقت بائبل کو استعمال کرنا

جب آپ اکیلے دُعا کرتے ہیں تو بائبل کی ایک عبارت کو پڑھ کر سچائیوں کو سمجھنے کی کوشش کر سکتے ہیں اور آخر میں ہر عبارت سے آیت بہ آیت سچائیوں کی دُعا واپس خُدا کو جواب کے طور پر کر سکتے ہیں۔ اپنے خیالات، احساسات اور درخواستیں خُدا کو پیش کرنے کے لئے بائبل کے مصنف کے خیالات احساسات اور درخواستوں کو استعمال کریں۔

4۔ اپنی اجتماعی دُعا کے دوران بائبل کو استعمال کرنا

جب آپ کلیسیا کی جماعت کے ساتھ مل کر دُعا کرتے ہیں تو بائبل کی ایک عبارت پڑھ سکتے ہیں۔ سچائیوں کو سمجھنے کی کوشش کر سکتے ہیں اور آخر میں آیت کی سچائی سے واپس خُدا کو جواب کے طور پر دُعا کر سکتے ہیں۔

جماعت کو دو دو لوگوں میں تقسیم کر دیں۔ دو دو لوگوں کی ہر جماعت بائبل کی عبارت کی سچائیوں سے آیت بہ آیت خُدا کو جواب کے طور پر دُعا کرے۔ ایک وقت میں ایک آیت کی سچائیوں کے متعلق باری باری دُعا کریں۔ مثال کے طور پر، پہلا شخص ایک آیت کی سچائیوں کے متعلق حمد دُعا کرتا ہے اور دوسرا شخص دوسری آیت کی سچائیوں کے متعلق حمد دُعا کرے۔ یہ طریقہ اچھا ہے کیونکہ تمام لوگ سچی جان سکتے ہیں کہ کیا دُعا کرنی ہے اور جماعت میں ہر کسی کو دُعا کے کئی مواقع ملیں گے۔ عام طور پر بڑی جماعت میں دُعا کرنے کی نسبت کسی ایک شخص کے ساتھ دُعا کرنا آسان ہوتا ہے۔

C- اپنی دُعاؤں میں بائبل کی دُعاؤں کو استعمال کرنے کی مثالیں

زبور کی کتاب بہت سی دُعاؤں پر مشتمل ہے۔ لوگ بڑی تین جماعتوں میں تقسیم ہو سکتے ہیں۔ اوّل، اپنی شخصی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے خُدا سے دُعائیں کرنا۔ دوم، خُدا کے ساتھ رشتہ کو بحال یا گہرا کرنے کے لئے دُعا کرنا۔ سوم، دوسرے لوگوں کی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے دُعا کرنا۔

1- <u>اپنی شخصی ضروریات کے لئے خُدا سے دُعا کرنا۔</u>

بائبل کے مصنفین میری اور آپ کی طرح عام انسان تھے۔ بعض اوقات وہ خدا سے بہت دُوری محسوس کرتے تھے اور اگلے وقت وہ خدا سے قربت محسوس کرتے تھے۔ بعض اوقات وہ اپنے گناہوں کے متعلق پشیمان ہوتے تھے اور اگلے وقت میں وہ دوسرے لوگوں کی بدی کے باعث غمگین ہوتے تھے۔ بعض اوقات وہ دُعا کرتے تھے کہ خدا ان کی راہنمائی کرے اور اگلے وقت میں وہ دُعا کرتے تھے کہ خدا ان کی زندگیوں کو بدل دے۔ آیئے ہم ان میں سے چند دُعاؤں پر غور کریں جو آپ اپنے لئے کر سکتے ہیں۔

جب آپ بائبل کی ان دُعاؤں کو استعمال کرتے ہیں تو اپنے خیالات اور احساسات کو ظاہر کرنے کے لئے مصنفین کے خیالات اور احساسات کو استعمال کریں۔

خلاصہ۔ مندرجہ ذیل B دُعاؤں کا خلاصہ سفید یا سیاہ بورڈ پر صرف نام اور بائبل کے حوالہ جات لکھنے سے پیش کریں۔

ہر دُعا کی بالکل مختصر وضاحت کریں۔ جماعت کو دو دو یا تین تین کی چھوٹی جماعتوں میں تقسیم کریں۔ تبدیلی کی دُعا کرنے کیلئے زبور 15 کو استعمال کریں۔ خدا کو واپس جواب کے طور پر باری باری ایک یا دو آیات سے دُعا کریں۔

a- چھوڑے جانے کی صورت میں دُعا۔ زبور 9-7:77؛ (زبور 3-13:1)۔

سوال۔ مسیحی کس طرح محسوس کر سکتے ہیں کہ ان کو فراموش کیا گیا ہے؟

تعلیم۔ جب آپ کو خدا کی طرف سے چھوڑے جانے کا احساس ہو تو دُعا کریں کہ آپ کو نہ چھوڑا جائے۔ بائبل کی اس دُعا کو اپنے چھوڑے جانے اور رد کئے جانے کے دُکھ کا احساس ظاہر کرنے کے لئے کریں۔ خدا مناسب وقت پر دوبارہ آپ کے قریب آ جائے گا۔

b- تکلیف کی حالت میں دُعا۔ زبور 29-9,4-31:2۔

سوال۔ مسیحی کس طرح تکالیف کا تجربہ کر سکتے ہیں۔

تعلیم۔ جب آپ کا سامنا کسی ستانے والے دشمن یا کسی مشکل صورت حال سے ہوتا ہے جس میں آپ مبتلا ہوتے ہیں تو بے تکلف سے رہائی کی دُعا کیجئے۔ بائبل کی اس دُعا کو اپنے خیالات، خوف اور احساسات کو ظاہر کرنے کے لئے استعمال کریں۔ یاد رکھیں، آپ کے حالات بھی خدا کے ہاتھ میں ہیں۔ آپ بھی بعد میں مصنف کے ساتھ کہیں گے "آہا تُو نے اپنے ڈرنے والوں کے لئے کیسی بڑی نعمت رکھ چھوڑی ہے۔ جسے تُو نے بنی آدم کے سامنے اپنے توکل کرنے والوں کے لئے تیار کیا۔ تُو ان کو انسان کی بندشوں سے اپنی حضوری کے پردہ میں چھپائیگا۔ تُو ان کو زبان کے جھگڑوں سے شامیانہ میں پوشیدہ رکھیگا" (آیات 20-19)۔

c- ایک امتحان کی دُعا۔ زبور 24-7,23-139:1۔

سوال۔ امتحان کی دُعا کرنا کیوں اہم ہے؟

تعلیم۔ جب آپ کو علم یا محسوس ہو جائے کہ آپ کی زندگی ٹھیک نہیں ہے تو ایک امتحان کی دُعا کریں۔ بائبل کی اس دُعا کو خدا سے درخواست کے لئے

استعمال کریں کہ آپ کے گھر سے احساسات کو پرکھنے کے لئے آپ کی پوشیدہ رغبتوں کو تلاش کرے۔ خدا سے دُعا کریں کہ آپ کے خوف، تکالیف اور آپ کے نفرت انگیز رویہ سے پردہ اٹھائے۔ خدا پہلے سے جانتا ہے کہ آپ کے دل اور دماغ میں کیا چھپا ہے بلکہ وہ چاہتا ہے کہ اس سے درخواست کی جائے کہ آپ کی پوشیدہ باتوں کو ظاہر کرے۔ یسوع نے کہا ''سچائی سے واقف ہو گے اور سچائی تمکو آزاد کریگی'' (یوحنا 8:32)۔ آپ کے تاریک پہلو سے متعلق سچائی بھی آپ کو آزاد کر سکتی ہے۔

d- ایک تبدیلی کی دُعا۔ زبور 15:1-5۔

سوال۔ مسیحیوں کو کون سے حالات بار بار چھوڑنے چاہئیں؟

تعلیم۔ جب آپ اپنی سرکش روش پر چلتے چلتے تھک جائیں تو خود کو پیروی کرنے کی دُعا کریں۔ بائبل کی اس دُعا کو آپ اپنی سرکش روش کو ترک کرنے کے لئے خدا کے پختہ راستہ پر چلنے کی خواہش کو ظاہر کرنے میں استعمال کریں۔ اپنی راہوں کو خدا کی راہوں کے تابع کر دیں۔ پھر آپ بھی وہ تجربہ کریں گے جو تجربہ آیات 12 اور 14 میں مصنف نے کیا یعنی ''خداوند اس کو اسی راہ کی تعلیم دیگا جو اسے پسند ہے''۔ اور ''خداوند کے راہ کو وہی جانتے ہیں جو اس سے ڈرتے ہیں''۔

اور آپ آیت 15 کے الفاظ کی قائلیت کے ساتھ بھی دُعا کریں گے ''میری آنکھیں ہمیشہ خداوند کی طرف لگی رہتی ہیں کیونکہ وہی میرا پاؤں دام سے چھڑائیگا''۔ خدا کی راہ کے پیرو ہونا آپ کو خدا کی محبت اور وفاداری کا تجربہ کرنے میں راہنمائی کریگا۔

e- تبدیلی کے لئے دُعا (زبور 15:1-5)۔

سوال۔ مسیحی کس قسم کی تبدیلی کے لئے دُعا کریں؟

تعلیم۔ جب تبدیل اور بے عیب ہونا چاہتے ہیں تو تبدیلی کی دُعا کریں۔ بائبل کی اس دُعا کو خدا کی حضوری میں بے عیب زندگی گذارنے کی خواہش ظاہر کرنے کے لئے استعمال کریں۔ اس مصنف کے ساتھ مل کر ہم بولنے، نیکی کرنے اور دل سے نفرت کرنے پر اپنے یقین کو ظاہر کریں۔ ایسے علاقہ بھی ہو سکتے ہیں جس میں آپ تبدیلی چاہتے ہوں، پھر خدا سے ان چیزوں کے لئے دُعا کریں۔ خدا سے دُعا کریں کہ آپ کو تبدیل کرے تو وہ آپ کو بدل دیگا۔ جو فرشتہ خدا کی حضوری میں کھڑا رہتا ہے اس نے کہا ''خدا کے لئے کچھ بھی ناممکن نہیں (لوقا 1:37)۔

f- راہنمائی کے لئے دُعا۔

سوال۔ مسیحیوں کو کس کس علاقوں میں راہنمائی کی ضرورت ہے؟

تعلیم۔ جب آپ کو اپنی زندگی کی راہ یا مشکل اوقات میں راہنمائی کی ضرورت ہو کہ کیا کرنا ہے تو راہنمائی کے لئے دُعا کریں۔ بائبل کی اس دُعا کو اپنی خواہش کے اظہار کے واسطے استعمال کریں کہ خدا آپ سے کیا چاہتا ہے۔ پھر آپ بھی اس کا تجربہ کریں گے جو خدا نے زبور 32:8 میں فرمایا ''میں تجھے تعلیم دونگا اور جس راہ پر تجھے چلنا ہوگا تجھے بتاؤنگا۔ میں تجھے سلاح دونگا۔ میری نظر تجھ پر ہوگی''۔

2- <u>خدا کے ساتھ رشتہ کو بحال یا گہرا کرنے کے متعلق دُعا۔</u>

بائبل کے مصنفین بھی انسان تھے جنہوں نے خدا کے ساتھ اپنے شخصی تعلق میں ترقی کی اور بعض اوقات خدا کے ساتھ اپنے تعلق میں جدوجہد کرتے تھے۔ بعض اوقات وہ اپنی زندگی میں گناہ کی وجہ سے احساس شرم رکھتے اور شرم محسوس کرتے تھے اور ان کو خدا کے سامنے اپنے گناہوں کا اقرار کرنے کی ضرورت

ہوتی تھی۔ بعض اوقات وہ خدا کی حقیقت، حضوری یا فطرت کا تجربہ نہیں کرتے تھے۔ پھر ان کو شرمجوئی سے خدا کے دیدار کے طالب ہونے کی ضرورت ہوتی تھی۔ اگلے وقت میں وہ خدا کے کئے ہوئے کام کا شکر ادا کرنا، اس کی حمد کرنا چاہتے ہیں کہ وہ کون ہے یا اپنے آپ کو خدا کے واسطے وقف کرنا چاہتے ہیں۔ بائبل کی ان چند ایک دعاؤں پر غور کریں جس کو آپ خدا کے ساتھ اپنا تعلق قائم کرتے وقت استعمال کر سکتے ہیں۔

خلاصہ۔ ایک سفید یا سیاہ بورڈ پر صرف نام اور بائبل کے حوالہ جات لکھ کر مندرجہ ذیل 5 دعاؤں کا خلاصہ بیان کریں۔ ہر دعا کی مختصر وضاحت کریں۔ جماعت کو دو دو یا تین تین کی جماعتوں میں تقسیم کر دیں۔ زبور 14-1,8-5 ،103:2 حمد کی دعا کے لئے استعمال کریں۔ خدا کو واپس جواب دینے کے لئے باری باری ایک یا دو آیات سے دعا کریں۔

a- اعتراف کی دعا۔ زبور 51:1-12

سوال۔ مسیحیوں کے واسطے گناہوں کا اعتراف کیوں اہم ہے؟

تعلیم۔ جب آپ کو معلوم ہو کہ آپ نے خدا کے خلاف، کسی دوسرے کے خلاف یا اپنے آپ کے خلاف گناہ کیا ہے یا جب آپ کے گناہ آپ پر غالب آ جائیں تو اعتراف کی دعا کریں۔ بائبل کی اس دعا کو اپنے احساس شرم اور گناہ کے اظہار، معافی مانگنے اور پاکیزگی اور نئے پن کی درخواست کے لئے استعمال کریں۔ کوئی بھی چیز گناہ کی طرح آپ کو احساس شرم یا شرم نہیں دلا سکتی ہے۔ کوئی بھی چیز گناہ کی طرح آپ کو ناامیدی کے طور پر خدا سے فراموش کئے جانے کا احساس نہیں دلا سکتی۔ کوئی بھی چیز گناہ سے زیادہ آپ کو بے بس نہیں کر سکتی۔ چنانچہ، دیر مت کیجئے بلکہ اعتراف کی دعا کیجئے۔ پھر آپ بھی آیت 17 کا تجربہ کریں گے کہ "اے خدا تو شکستہ اور خستہ دل کو حقیر نہ جانیگا"۔

b- خدا کی حضوری کے لئے دعا۔ زبور 16:1-11

سوال۔ مسیحی اپنی زندگیوں میں خدا کی حضوری سے باخبر کس طرح ہو سکتے ہیں؟

تعلیم۔ جب آپ خدا کی حقیقت کا تجربہ کرتے یا اس کی حضوری کو محسوس کرتے یا اس کی فطرت کو محسوس نہیں تو خدا کی حضوری کے عمل میں آنے کے لئے دعا کریں۔ بائبل کی اس دعا کو یوں استعمال کریں:

- اس سچائی پر غور کریں کہ خدا سے بڑھ کر آپ کے پاس کوئی اچھی چیز نہیں ہے۔
- آپ جو کچھ بھی کرتے ہیں اس میں خداوند کو اپنے سامنے رکھنے کی مشق کریں اور
- خدا کی حضوری میں سوچ سمجھ کر داخل ہوں۔

کیونکہ ہم انسان خاکی ہیں روحانی نہیں۔ ہمیں خدا کی حضوری کی مشق بار بار کرنے کی ضرورت ہے۔ زبور 16:2 اور 8 کو یاد کریں اور جب بھی محسوس کریں کہ خدا کے ساتھ آپ کا رابطہ منقطع ہو گیا ہے تو یہ دعا کریں۔ پھر آپ آیت 11 کا تجربہ بھی کریں گے۔ خدا آپ کو زندگی کی راہ بتائیگا۔ وہ اپنی حضوری میں آپ کو خوشی سے بھر دیگا۔

c- انسان کو خدا کی، کس، کس باتوں کے لئے اُس کی حمد کرنی چاہئے؟

سوال۔ جب ان تمام اچھے کاموں کو یاد کرتے ہیں جو خدا نے آپ کے واسطے کئے ہیں اور آپ خدا کی تمام تر خوبیوں کے بارے سوچتے ہیں تو حمد کی دعا کریں۔ بائبل اس دعا کو خدا کے کردار اور اسکے تازہ کام جو اس نے کئے ہیں کی حمد کے لئے استعمال کریں۔ اپنی دعا یا گیت میں خدا کی تعظیم کا

اظہار کریں۔
لوگوں کو بتائیں کہ خدا کون ہے اور خدا سے ڈرنے والوں کے فوائد کی تعریف کریں۔ آپ جتنا زیادہ بائبل پڑھیں گے اسی قدر خدا سے واقف ہوتے جائیں گے۔ آپ خدا کو جتنا اچھی طرح جانیں گے اسی قدر اس کی حمد کریں گے۔

d- فکر گذاری کی دُعا۔ زبور 107:4-8

سوال۔ مسیحیوں کو کس کس چیزوں کے لئے خدا کی فکر گذاری کرنی چاہئے؟

تعلیم۔ جب آپکو خدا کی تمام رحمتوں اور برکتوں کے لئے "تیرا شکر ہو" کہنا چاہئے تو آپ شکر گذاری کی دُعا کر سکتے ہیں۔ بائبل کی یہ دُعا خدا کا شکر ادا کرنے میں آپ کی مدد کریگی۔ آپ وہ سب چیزیں شامل کر سکتے ہیں جن کے لئے خدا کا خصوصی شکر ادا کرنا چاہتے ہیں۔

e- نذر کی دُعا۔ زبور 101:1-4

سوال۔ مسیحی کون سی چیزوں کو نذر کر سکتے ہیں؟

تعلیم۔ جب آپ خدا کو اپنا آپ نذر کرنے کی خواہش رکھتے ہیں تو نذر کی دُعا کریں۔ بائبل کی اس دُعا کو اپنی بے عیب زندگی کے عہد کا اظہار کرنے کے لئے استعمال کریں۔ آپ دُعا میں خدا سے یہ بھی کہہ سکتے ہیں "میں کسی خباثت کو عمد نظر نہیں رکھونگا" اور "مجھے کج رفتاروں کے کام سے نفرت ہے"۔

3- <u>دوسرے لوگوں کی حاجت روائی کے لئے دُعائیں۔</u>

بائبل کے مصنفین بعض اوقات دوسروں کے لئے برکت کی دُعا کرتے تھے اور بعض اوقات وہ اپنے دشمنوں کے واسطے خدا کی طرف سے سزا مانگتے تھے۔ نئے عہدنامہ میں بھی چند ایسی دُعائیں ہیں جن کو آپ دوسروں کی شفاعت کے لئے استعمال کر سکتے ہیں۔ آیئے ہم چند دُعاؤں پر غور کریں جن کو آپ دوسروں کے واسطے استعمال کر سکتے ہیں۔

خلاصہ۔ سفید یا سیاہ بورڈ پر صرف نام یا بائبل کا حوالہ لکھ کر مندرجہ ذیل تین دُعاؤں کا خلاصہ بیان کریں۔
تعلیم۔ ہر دُعا کی مختصر وضاحت کریں۔ جماعت کو دو دو یا تین تین کی چھوٹی جماعتوں میں تقسیم کریں۔ برکت کی دُعا کے لئے زبور 20:1-5 کو استعمال کریں۔ خدا کو واپس جواب دینے کے لئے باری باری ایک یا دو آیات سے دُعا کریں۔

a- برکت کی دُعا۔ زبور 20:1-7

سوال۔ مسیحی دوسروں کو برکت دینا چاہیں تو آپ برکت کی دُعا کر سکتے ہیں؟

تعلیم۔ دوسروں کو برکت دینے کے لئے بائبل کی دُعا استعمال کریں۔ ان برکات کی جڑیں بلاشبہ خدا پر بھروسہ رکھنے میں ہیں۔ آیت 7 میں ہم پڑھتے ہیں "کسی کو رتھوں کا اور کسی کو گھوڑوں کا بھروسہ ہے پر ہم تو خداوند اپنے خدا کا نام لیں گے"۔ اطلاق یہ ہے کہ ان برکات کے حاصل کرنے والے بھی خدا پر ایمان رکھنے والے ہوں۔ ان کو امید رکھنی چاہئے کہ خدا ان کی درخواستوں کا جواب دیگا اور ان کے منصوبے کامیاب بنائے گا۔

b- سزا کو بلانے کی دُعا۔ زبور 55:9؛ زبور 11-2,5-1:94 اور لوقا 28-6:27۔

سوال۔ کیا مسیحی دوسرے لوگوں کو سزا دلوا سکتے ہیں؟

تعلیم۔ جب آپ کمزوروں اور بے بس لوگوں سے بے انصافی ہوتے دیکھیں تو آپ بائبل کی دُعا کو بدکار لوگوں کی بے انصافی، لوگوں کی بد اخلاقی اور بااختیار لوگوں کے دباؤ پر اپنی ناراضگی کے اظہار کے لئے دُعا کر سکتے ہیں۔

جب آپ پڑھیں کہ زمین کے مغرور اور خودغرض حکمران کس طرح غریب اور کمزور لوگوں کو مار رہے ہیں۔ منشیات فروش کس طرح بچوں میں اپنا زہر پھیلا رہے ہیں۔ بدمعاش لوگ کس طرح کاروباری لوگوں کو لوٹنے کا نشانہ بنا رہے ہیں۔ جنگجو حکمران کس طرح ایک کے بعد دوسرے ملک پر جنگ مسلط کر رہے ہیں تو پھر آپ کو دُعا کرنی چاہئے اور آپ ان بدکار لوگوں کے خلاف بائبل کی ان دُعاؤں کو استعمال کر سکتے ہیں۔

مسیحیوں کا ایمان ہے کہ خدا بادشاہ اور دُنیا کا سچا حاکم ہے۔ نیکی اور بدی خدا کے لئے بہت معنی خیز ہیں اور اس لئے فضل کی بجائے دُنیا میں سزا کا عمل ہونا چاہئے۔

تاہم، نئے عہدنامہ میں خدا کے لوگوں نے پرانے عہدنامہ میں خدا کے لوگوں سے زیادہ روشنی حاصل کی ہے۔ نئے عہدنامہ کی تعلیم کی روشنی میں مسیحی اپنے دشمنوں پر لعنت نہیں کر سکتے اور نہ بدلہ لے سکتے ہیں۔ مسیحیوں کو شریروں کے واسطے دُعا کرنی چاہئے کہ وہ اپنی بدی سے باز آئیں اور خدا سے رجوع ہوں اور خدا کا فضل حاصل کریں۔ چنانچہ، اگر وہ توبہ سے انکار کرتے ہیں اور اپنی بدی کو جاری رکھتے ہیں تو پھر مسیحیوں کو دُعا کرنی چاہئے کہ خدا مداخلت کرے اور اپنی عدالت کے ذریعے ان کو روکے۔ لیکن ہرگز نہ بھولیں کہ عدالت کرنا صرف خدا کا کام ہے (رومیوں 21-12:17)۔ مسیحی ہرگز دہشت گرد نہ بنیں اور ہرگز یہ نہ بھولیں کہ جس نے رحم نہ کیا اس کی عدالت بھی رحمت کے بغیر کی جائے گی (یعقوب 2:13)۔

c- شفاعتی دُعا۔ کلسیوں 12-1:9

سوال۔ مسیحی لوگ دوسروں کے واسطے دُعا کرنے کے لئے کس قسم کی درخواستوں کا حوالہ دے سکتے ہیں؟

تعلیم۔ جب آپ دوسرے مسیحیوں کے واسطے دُعا کرتے ہیں تو بائبل کی اس دُعا کو ان کے لئے خاص درخواستوں کے طور پر استعمال کریں۔ دُعا کریں کہ خدا ساری حکمت اور فہم کے ذریعے ان کو اپنی مرضی کے علم سے معمور کرے۔ یا دُعا کریں کہ وہ خدا کے لائق زندگی بسر کریں، وہ ہر طرح سے خدا کے پسندیدہ بن جائیں، وہ ہر نیک کام میں پھل لائیں، وہ برداشت یا صبر رکھیں، وہ ہر حال میں خوشی سے خدا کا شکر ادا کریں۔

خلاصہ۔ بائبل کی دُعا کو اپنی دُعاؤں میں استعمال کریں۔ زبور کی کتاب کی دُعاؤں اور نئے عہدنامہ میں یسوع اور رسولوں کی دُعاؤں کو بھی اپنے خیالات اور احساسات کے اظہار کے لئے استعمال کریں۔ خدا سے درخواست کرنے کے لئے بائبل کے مضمنوں کی درخواستوں کو استعمال کریں۔

D- اپنی دُعاؤں میں بائبل کی تعلیمات کو استعمال کرنے کی مثالیں

بائبل کی دُعاؤں کے علاوہ آپ اپنی دُعاؤں میں بائبل کی تعلیمات، وعدے اور حکمت کو بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ بے شک آپ کو بائبل کی درست تفسیر

صرف بائبل کی تعلیم دینے سے پہلے ہی نہیں بلکہ اپنی دُعاؤں میں بائبل کے الفاظ استعمال کرنے سے پہلے بھی کرنی چاہیے۔

1- **<u>اپنی دُعاؤں میں خُدا کے کردار اور کاموں کے متعلق تعلیمات کو استعمال کریں۔</u>**

a- **خُدا کی نگہبانی کے متعلق دُعا۔ زبور 23:1-6**

تعلیم۔ یہ زبور بتاتا ہے کہ خدا آپ کی نگہبانی ایسے کرتا ہے جیسے ایک چرواہا اپنی بھیڑوں کا خیال رکھتا ہے۔ اپنی دُعا میں اس زبور کو استعمال کریں۔ خدا سے درخواست کریں کہ آپ کی نگہبانی کرے تاکہ جس کی آپ کو حقیقت میں ضرورت ہے اس کی کمی نہ ہو۔ آپ کی خوراک اور آرام کا خیال رکھے، آپ کو سیدھی راہ پر لے چلے اور جب آپ کو بڑی سے بڑی مشکل کا سامنا ہو تو آپ کی مدد کرے۔ درخواست کریں کہ آپ کے دشمنوں کے روبرو آپ کے سامنے میز بچھائے۔ سب سے بڑھ کر اپنی زندگی کے تمام دن خدا کو نذر کر دیں۔

b- **خُدا کی راہنمائی کے متعلق دُعا۔ زبور 34:1-22**

تعلیم۔ یہ زبور خدا کی رہائی کے متعلق بولتا ہے۔ اس زبور کو اپنی دُعا میں استعمال کریں۔ خدا سے درخواست کریں کہ آپ کو سارے خوف، شرم اور مشکلات سے آزاد کرے، جب آپ شکستہ دل ہوں تو اس وقت آپ کے پاس ہو اور جب آپ شکستہ روح ہوں تو آپ کو محفوظ کرے۔

2- **<u>اپنی دُعاؤں میں مسیحی زندگی کے متعلق تعلیمات کو استعمال کریں۔</u>**

a- **تعلیمات کے بارے دُعا۔ رومیوں 12:9-21**

تعلیم۔ یہ تعلیم بتاتی ہے کہ مسیحیوں کو ایک دوسرے کے ساتھ کیسا تعلق رکھنا چاہیے۔ اس تعلیم کو اپنی دُعا میں استعمال کریں۔

b- **کلیسیا کے ارکان کی ماجت روائی کے لئے دُعا۔ 1- تھسلنیکیوں 2:1-12**

تعلیم۔ یہ تعلیم بتاتی ہے کہ کلیسیا کے راہنماؤں کو کلیسیا کے ارکان کی ضروریات کا خیال کس طرح رکھنا چاہیے۔ اس تعلیم کو اپنی دُعا میں استعمال کریں۔ خدا سے درخواست کریں کہ آپ میں جرأت پیدا کرے کہ آپ زبردست مخالفت کے باوجود انجیل کی منادی کریں اور انسانوں کی شاباش کو نہ دیکھیں۔ خدا سے کہیں کہ جب آپ جماعت کے ارکان سے ملیں تو آپ ماں کی مانند نرم اور باپ کی طرح حوصلہ دینے والے بن سکیں۔

c- **جماعت کے ارکان کی تبدیلی کی نصیحت کے متعلق دُعا۔ ططس 2:1-10**

تعلیم۔ یہ تعلیم بتاتی ہے کہ جماعت کے لیڈروں کو کس طرح چاہیے کہ جماعت کے ارکان کو نصیحت کریں۔ اس تعلیم کو اپنی دُعا میں استعمال کریں۔ خدا سے کہیں کہ آپ صرف وہی تعلیم دے سکیں جو بائبل سے مطابقت رکھتی ہے۔ خدا سے درخواست کریں کہ پرانے بزرگ مسیحی نوجوان مسیحیوں کے لئے ایک نمونہ بنیں اور انکو دیندار زندگی بسر کرنا سکھائیں۔

خلاصہ۔ بائبل کی تعلیمات کو اپنی دُعاؤں میں استعمال کریں۔ دُعائیہ اجتماع میں پہلے بائبل سے ایک عبارت پڑھیں۔ شرکا سے پوچھیں کہ کیا جماعت میں سے کوئی اس عبارت کے بارے سوال پوچھنا چاہتا ہے۔ عبارت کو دُعا میں استعمال کرنے سے پہلے اس کو اچھی طرح سمجھنے کی کوشش کریں۔ پھر

جماعت کو دو دو یا تین تین کی چھوٹی جماعتوں میں تقسیم کر دیں۔ اب دو دو کی جماعتیں بائبل کی عبارت سے آیت بہ آیت دُعا کریں اور ان کو ایک وقت میں ایک آیت سے دُعا کرنے کا موقع دیں۔

[redacted]

رومیوں 12-12:9 پڑھیں۔ پھر عبارت کی وضاحت کریں۔ جماعت کو دو دو میں تقسیم کریں اور باری باری ایک ایک آیت کو دُعا میں استعمال کریں۔

[redacted]

(**گروپ لیڈر۔** گروپ کے ممبروں کو گھر پر تیاری کرنے کا کام ایک جگہ پر لکھ کر دیں یا انکو نقل کرنے کے لئے دیں)۔

1. عہد۔ شاگرد بنانے کا عہد کریں۔
گروپ یا کسی ایک فرد کے ساتھ مل کر "دُعا کے لئے بائبل کا استعمال" کی منادی کریں، تعلیم دیں یا مطالعہ کریں۔
2. خدا کے ساتھ ذاتی وقت گزارنا، ہر روز خروج 31-14-1-11:1 کے بصف باب سے خدا کے ساتھ شخصی وقت گذاریں۔
3. بائبل کا مطالعہ، گھر پر بائبل کی تعلیم کی پہلے خود تیاری کریں۔ (افسیوں 16-1-4:1 موضوع: کلیسیا کی منزل مقصود)۔ بائبل کے 5 اقدامی طریقوں کو استعمال کریں، نوٹس بنائیں۔
4. دُعا، کسی خاص بندے یا چیز کیلئے خدا سے اس ہفتہ دُعا کریں، اور پھر دیکھیں کہ خدا کیا کرتا ہے، جواب دیتا ہے (زبور 3:5)۔
5. اپنی نوٹ بک کو اپ ڈیٹ کریں، نوٹ بک کو شاگرد بنانے کے سلسلے میں اپ ڈیٹ کریں، عبادتی دستاویز، تعلیم، اور اس شق کی تیاری کو بھی شامل کریں۔